احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

ہفتہ 13 دسمبر 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 13 دسمبر 2008ء 14 ذوالحج 1429 ہجری 13 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 281

کام کا سلیقہ اور حسن

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ دو باتیں ایسی ہیں جو میں نے رسول کریم ﷺ سے یاد کی ہوئی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز پر احسان فرض کیا ہے (یعنی ہر کام عمدگی سے کرنے کا حکم دیا ہے) پس جب تم قتل کرو (یعنی بطور قصاص سزائے موت دینی پڑے) تو اس میں بھی احسان سے کام لو (اور اذیت دینے کی بجائے نرمی سے ایسا کرو) اور جب جانور ذبح کرو تو ذبح کرتے ہوئے بھی احسان سے کام لو۔ چاہئے کہ تم چھری تیز کرلو تا کہ اپنے جانور کو اذیت سے بچاؤ۔

(مسلم کتاب الصید باب الامر باحسان الذبح حدیث نمبر :3615)

عید اور قربانی کے فلسفہ کو سمجھیں نیز حقوق اللہ وحقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ کریں

حقیقی قربانی اس وقت ہوگی جب ہم تمام حقوق ادا کرنے والے ہوں گے

حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی قربانی جذبات، خواہشات، مال، وقت اور عزت کی قربانی کا کامل نمونہ ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عیدالاضحیٰ فرمودہ 9 دسمبر 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ عیدالاضحیٰ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 9 دسمبر 2008ء کو نماز عیدالاضحیٰ کی ادائیگی کیلئے بیت الفتوح لندن میں پاکستانی وقت کے مطابق 3 بجے سہ پہر تشریف لائے۔ نماز عید کے بعد حضور انور نے خطبہ عیدالاضحیٰ ارشاد فرمایا۔ یہ خطبہ ایم ٹی اے پر براہ راست کئی زبانوں میں تراجم کے ساتھ نشر کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج ہم عیدالاضحیٰ، قربانی کی عید یا بڑی عید منا رہے ہیں۔ عیدالفطر بھی قربانی کے بعد منائی جاتی ہے۔ جب خاص وقت خدا کی رضا کے لئے جائز کاموں سے اپنے آپ کو روکتے ہیں، خواہشوں کی قربانی کی جارہی ہوتی ہے، خدا سے دعائیں کرتے ہیں، وہ بھی دعا کرتے ہیں جو عام حالات میں نہیں کرتے۔ 10 سے 18 گھنٹے کی بھوک پیاس، نفس، جذبات اور خواہشات کی قربانی کے بعد عید مناتے ہیں۔ جو ایسا نہیں کرتے وہ ایک تہوار منا رہے ہوتے ہیں عید نہیں کیونکہ قربانی کے فلسفہ کو سمجھنے کے بعد ہی حقیقی عید منائی جاسکتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ فطر ذاتی قربانی کی عید ہے اور اضحیٰ جماعتی یا قومی قربانی کی عید ہے۔ حقیقی عید وہی مناتے ہیں جو حضرت ابراہیمؑ، حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کو سمجھنے والے ہوتے ہیں۔ بکرے، گائے اور دنبہ کی قربانی سے دین کو کیا فائدہ ہوسکتا ہے کیونکہ یہ تو لوگ اپنی امارت کے اظہار کے لئے بھی کرتے ہیں، اگر کہا جائے کہ غریبوں کو گوشت دیا جاتا ہے تو کس قدر لوگ ہیں جو پھر بھی گوشت سے محروم ہیں۔ پاکستان، ہندوستان اور افریقہ میں اب بھی لوگ بھوک برداشت کرتے ہیں۔ ان قربانیوں کا اصل مقصد یہ ہے کہ اپنے اندر ایک انقلاب پیدا کیا جائے اور غریبوں کی بھوک کا احساس پیدا کر کے ان کی اصلاح کی کوشش کی جائے۔ قربانی کے اس فلسفہ کو سمجھتے ہوئے حقوق اللہ وحقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ تقویٰ سے کام لیں، اپنے سے کم مالی حیثیت والوں کو یاد رکھیں ورنہ خدا کو اس گوشت کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ خون اور گوشت کوئی انقلاب نہیں لاسکتا جب تک تمام حقوق کی طرف توجہ نہ ہو۔ جماعت میں بھی بعض تحریکات ہیں صدقات کی مدات ہیں، تمام دنیا کے احمدیوں کو ان کا بھی خیال رکھنا چاہئے ہر ایک کو اس کا احساس کرنا چاہئے۔ مینڈھا قربان کرنے سے یہ سبق دیا کہ ان تکالیف کو دور کرنے کا ذریعہ بنیں اور ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی قربانی جذبات، خواہشات، مال، وقت اور عزت کی قربانی کا کامل نمونہ ہے۔ جس کی وجہ سے اس بے آب وگیاہ جنگل کو خدا تعالیٰ نے مرجع خواص بنا دیا اور وہ کامل انسان پیدا ہوا کہ تالیف قلب اور عبادتوں کا لازوال مثالی نمونہ قائم کر دیا۔ صدقہ وخیرات کی کوئی حد نہیں۔ تمام اعلیٰ اخلاق اور نیک صفات کا اسوہ بنا دیا گیا۔ آنحضرت ﷺ نے امن کے قیام کیلئے ایسی عظیم الشان قربانی دی کہ آپؐ نے اپنے تمام جذبات مسل دیئے۔ عزت ووقار کو خدا کیلئے قربان کر دیا اور نتیجہ یہ ہوا کہ وہ معاہدہ جو بظاہر ذلت کا معاہدہ لگ رہا تھا وہ فتح مبین کی ضمانت ہوگیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ یہ عید اس اسوہ پر چلنے کی یاد دلانے کیلئے ہے۔ جذبات کی قربانی، حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے، مقصد پیدائش کو پورا کرنے کے عہد کی تجدید کرنے کا وقت ہے۔ گزشتہ 120 سال سے جماعت نے قربانیاں پیش کی ہیں۔ اس جذبہ کو کبھی کم نہیں ہونے دینا۔ آج یہی عہد کریں کہ اس لَو کو کبھی اپنے دلوں سے بجھنے نہ دیں گے نہ اپنی نسلوں کے دلوں سے بجھنے دیں گے۔ حضور انور نے فرمایا قادیان کے جلسہ کی شرکت کیلئے میں انڈیا گیا تھا۔ انڈیا کے جنوبی حصہ میں تھا کہ واپسی کا بہت مشکل فیصلہ کرنا پڑا۔ مگر جماعت کے مفاد اور خدا کی رضا کو سمیٹنے کیلئے یہ فیصلہ کیا۔ دعا کریں کہ خدا تعالیٰ اس کے نتائج کامیابی کے نکالے۔ یہ قادیان والوں اور پاکستان والوں کی بہت بڑی قربانی ہے۔ میں آپ کے درد کو پہچانتا ہوں۔ لیکن اپنی آہیں، پکاریں اور تڑپیں خدا کے حضور پیش کریں کہ خدا جماعت کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے اور قادیان و ربوہ میں بھی جلسے ہوں اور خدا اپنے فضلوں سے نوازتا رہے۔

آخر پر حضور انور نے قادیان، پاکستان اور تمام دنیا کے احمدیوں کو عید کی مبارکباد پیش کی خدا تعالیٰ سب کو اپنے فضل سے امن میں رکھے اور کھلی کھلی فتح کے نظارے دکھائے اور سب کی قربانیوں کو قبول فرمائے۔ خطبہ ثانیہ کے بعد حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی۔

مسابقت الی الخیرات کی برکات

تحریک جدید کیلئے مالی قربانیوں کے وعدے خلیفہ وقت کی آواز پر جماعت کی طرف سے پیش کئے جاتے ہیں لیکن تحریک جدید کے مخصوص حالات کے پیش نظر اس مہم کے مقدس بانی حضرت مصلح موعود نے اس ذمہ داری سے جلد از جلد عہدہ برآ ہونے کی تحریک فرمائی۔ اس ثواب میں جلد شریک ہونے کیلئے حضور نے اس سے تعلق رکھنے والی حکمتوں اور برکتوں کا بھی ذکر فرمایا۔ مثلاً ایک مرتبہ فرمایا۔

"یاد رکھو نیکی جتنی جلد کی جائے اتنا ہی ثواب زیادہ ہوتا ہے۔" (خطبات محمود جلد 16 صفحہ 754)

(وکیل المال اول تحریک جدید)

داخلہ دارالصناعہ

دارالصناعہ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں درج ذیل ٹریڈز میں داخلے جاری ہیں۔

مارننگ سیشن

1۔ آٹو مکینک
2۔ ریفریجریشن وائیر کنڈیشننگ
3۔ووڈ ورک (کارپینٹر)

ایوننگ سیشن

1۔ آٹو الیکٹریشن
2۔ جنرل الیکٹریشن
3۔ پلمبنگ

داخلہ فارم کے حصول و دیگر معلومات کیلئے دفتر دارالصناعہ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 2/5/27 دارالعلوم وسطی ربوہ رفون نمبر 047-6002033 سے رابطہ کریں۔

☆ نشستوں کی تعداد محدود ہے۔

☆ بیرون ربوہ طلباء کیلئے ہوسٹل کا انتظام موجود ہے۔

☆ والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ادارہ میں داخل کروائیں۔

☆ تمام طلباء جو ادارہ ہذا سے کورسز مکمل کر چکے ہیں ان کی اسناد آچکی ہیں۔ لہٰذا ان سے درخواست ہے کہ اپنی اسناد دفتر ہذا سے حاصل کرلیں۔

(نگران دارالصناعہ)

1

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

بیت الہادی دہلی میں ورود مسعود، پُرجوش اور والہانہ استقبال اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

22 نومبر 2008ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے 21 نومبر 2008ء کے خطبہ جمعہ میں قادیان کے سفر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

"قادیان کے جلسہ کے لئے دعا کریں کہ ہر لحاظ سے کامیاب اور بابرکت ہو اللہ تعالیٰ ہر شر سے ہر احمدی کو محفوظ رکھے۔ اللہ تعالیٰ تمام جانے والوں کو ہر طرح اپنی حفاظت میں رکھے۔ مستقل دعائیں کرتے رہیں اور جو قادیان میں رہنے والے ہیں ان کو بھی اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شرور سے محفوظ رکھے۔ ہندوستان ایک بڑا وسیع ملک ہے اور غریب لوگ ہیں اس لئے نہیں آسکتے تو بعض دوسرے شہروں میں بھی جانے کا پروگرام ہے۔ اللہ تعالیٰ ان جگہوں کے پروگرام بھی ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے اور میرا یہ دورہ بیشمار برکات کا حامل ہو اور ان کو سمیٹنے والا ہو اور ہم جماعت کی ترقی ہمیشہ دیکھتے چلے جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہماری پردہ پوشی فرمائے اور کبھی ہم اس کے فضلوں اور رحمتوں سے محروم نہ رہیں"۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 21 نومبر 2008ء کو احباب جماعت کو اپنے سفر قادیان کے لئے دعاؤں کی تحریک فرمائی اور اگلے روز 22 نومبر 2008ء کو آنے والا دن وہ انتہائی مبارک اور تاریخی دن تھا جس دن حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سفر پر روانہ ہونا تھا۔

اس غیر معمولی اور اللہ تعالیٰ کے انتہائی فضلوں اور برکتوں کے حامل سفر اور صد سالہ خلافت جوبلی کے تاریخی جلسہ سالانہ قادیان میں بنفس نفیس شمولیت کے لئے روانہ ہونا تھا جس کی تیاری ہندوستان اور دنیا بھر کی جماعتیں گزشتہ کئی سالوں سے کر رہی تھیں اور ہر مرد و عورت، چھوٹا بڑا ان مبارک دنوں کی انتظار میں تھا۔ سال قبل ہی بعض لوگوں نے ان دنوں کے لئے اپنی رخصتیں حاصل کر لی تھیں اور بہتوں نے اپنے سفری انتظامات مکمل کر رکھے تھے۔

بیت الفضل لندن سے روانگی کی گھڑیاں قریب آرہی تھیں۔ لندن اور یو۔کے کے مختلف شہروں سے احباب جماعت اپنے پیارے آقا کو الوداع کرنے کے لئے صبح گیارہ بجے سے ہی بیت الفضل لندن میں جمع ہونے شروع ہوگئے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ساڑھے بارہ بجے بیت الفضل لندن تشریف لاکر ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ بیت کے اندرونی حصہ کے علاوہ محمود ہال، نصرت ہال نمازیوں سے بھرے ہوئے تھے۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور کچھ دیر کے لئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

بارہ بجکر پچپن منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور خواتین کے حصہ کی طرف جا کر اپنا ہاتھ بلند کر کے ان کو السلام علیکم کہا اور پھر احباب کی طرف تشریف لے گئے اور سب کو السلام علیکم کہا اور غیر معمولی لمبی دعا کروائی اور روانگی کے لئے اپنی کار میں تشریف فرما ہوئے۔ سینکڑوں کی تعداد میں جمع ہونے والے احباب وخواتین اور بچوں نے اپنے پیارے آقا کو دعاؤں سے رخصت کیا۔ فی امان اللہ، خدا حافظ و ناصر کی آوازیں ہر طرف سے آرہی تھیں۔ احباب اتنے زیادہ تھے کہ بیت کے بیرونی صحن کے علاوہ باہر والی سڑک پر بھی لوگ کھڑے تھے۔

قریباً پونے دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز انٹرنیشنل ہیتھرو ایئرپورٹ لندن کے ٹرمینل نمبر 5 پر پہنچے۔ جہاں برٹش ایئرویز کی سپیشل سروسز کی مینیجر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا اور اپنے ساتھ ایئرپورٹ کے اندر لے گئیں اور امیگریشن کی کارروائی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرسٹ کلاس لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور بورڈنگ پاس کے حصول کی کارروائی مکمل کی جا چکی تھی۔

کچھ دیر لاؤنج میں قیام کرنے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جہاز میں سوار ہونے کے لئے روانہ ہوئے۔ برٹش ایئرویز کی سپیشل سروسز کی مینیجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو جہاز کے دروازہ تک چھوڑنے آئیں۔

برٹش ایئرویز کی پرواز BA 257 تین بجکر پچاس منٹ پر ہیتھرو ایئرپورٹ لندن سے دہلی (Delhi) انڈیا کے لئے روانہ ہوئی۔

دہلی میں آمد

ساڑھے سات گھنٹے کی مسلسل پرواز کے بعد 23 نومبر بروز اتوار ہندوستان کے مقامی وقت کے بعد چار بجکر پچاس منٹ پر حضور انور کا طیارہ دہلی (انڈیا) کے انٹرنیشنل اندرا گاندھی ایئرپورٹ پر اترا اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم ہندوستان کی سرزمین پر پڑے۔

جہاز کے دروازہ کے پاس حکومت ہند کی طرف سے اعلیٰ افسران کے علاوہ جماعت احمدیہ ہندوستان کی طرف سے مکرم صالح محمد الہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ، مکرم محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ قادیان، مکرم ناظر صاحب امور عامہ، مکرم محمد نسیم خان صاحب نائب ناظر امور عامہ نے حضور انور کا استقبال کیا اور مکرم صدر صاحب صدر انجمن احمدیہ نے حضور انور کی خدمت میں پھول پیش کئے۔

حضور انور کا استقبال کرنے والے تمام احباب حضور انور کو اپنے ساتھ سرمونیل لاؤنج (Ceremonial Lounge) لے کر آئے، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان حضرات سے گفتگو فرمائی اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ چائے وغیرہ بھی پیش کی گئی۔

امیگریشن کی کارروائی سرمونیل لاؤنج میں ہی مکمل کی گئی۔ دو افسران خاص اس غرض کے لئے VIP لاؤنج میں آئے اور کارروائی مکمل کی۔

لاؤنج میں درج ذیل جماعتی نمائندگان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو خوش آمدید کہا۔

1۔ مکرم سید تنویر احمد صاحب ناظم وقف جدید۔
2۔ مکرم برہان احمد ظفر صاحب ناظر نشر و اشاعت۔
3۔ مکرم منیر احمد صاحب حافظ آبادی وکیل اعلیٰ قادیان۔
4۔ مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت۔
5۔ مکرم صدر صاحب مجلس انصار اللہ بھارت۔ 6۔ مکرم قائمقام افسر صاحب جلسہ سالانہ قادیان۔ 7۔ مکرم خلیل احمد صاحب مع اہلیہ نمائندہ صدر انجمن احمدیہ

اسی طرح جماعت سے عقیدت رکھنے والے بہت سے غیر احباب نے بھی حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

Ceremonial لاؤنج میں قیام کے دوران نماز فجر کا وقت ہو چکا تھا۔ صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لاؤنج میں ہی نماز فجر پڑھائی۔ سامان کے حصول کی کارروائی مکمل ہو چکی تھی۔

سوا چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سرمونیل لاؤنج سے پولیس افسران کی سیکیورٹی میں ایئرپورٹ سے باہر تشریف لائے۔ ایئرپورٹ سے باہر جماعت احمدیہ دہلی کے ممبران مرد و خواتین نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور مرد احباب نے شرف مصافحہ حاصل کیا۔

ایئرپورٹ سے پولیس کے Escort میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا قافلہ احمدیہ بیت الہادی دہلی کے لئے روانہ ہوا۔ سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی احمدیہ بیت دہلی تشریف آوری ہوئی۔ جہاں احباب جماعت دہلی مرد و خواتین، بچوں، بوڑھوں نے اپنے پیارے آقا کا بڑا پُرجوش اور والہانہ استقبال کیا۔ احباب نے پُرشوکت انداز میں نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے، بچوں نے حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں پھول پیش کئے اور بچیوں نے استقبالیہ گیت اور دعائیہ نظمیں پیش کرتے ہوئے اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔

بیت الہادی اور دہلی مشن ہاؤس کو رنگ برنگی جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا تھا اور بیرونی گیٹ پر محرابی دروازہ بنایا گیا تھا جس پر ایک طرف اھلاً و سھلاً و مرحبا اور دوسری طرف انی معک یا مسرور کے الفاظ درج تھے۔ بیت الہادی اور یہ ساری عمارت بجلی کے رنگ برنگے قمقموں اور روشنیوں سے جگمگا رہی تھی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور مشن ہاؤس کے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

جماعت احمدیہ دہلی کا یہ مشن ہاؤس دو منازل پر مشتمل ہے۔ اوپر کی منزل میں رہائشی حصہ اور گیسٹ ہاؤس ہے جبکہ نچلی منزل میں دفاتر ہیں اور لائبریری ہے۔ یہ مشن ہاؤس بیت الہادی کے ساتھ ملحق ہے۔ بیت الہادی بھی دومنزلہ ہے۔ اس کا نچلا ہال مردوں کے لئے مخصوص ہے جبکہ اوپر والا ہال خواتین کے لئے ہے۔ یہ بیت اپنے خوبصورت میناروں کے ساتھ ہر گزرنے والے کو کچھ فاصلہ سے نظر آنی شروع ہو جاتی ہے۔

جماعت دہلی کی یہ خوبصورت بیت اور مشن ہاؤس دہلی کے علاقہ تغلق آباد میں واقع ہے۔ یہ علاقہ مغلیہ حکمران غیاث الدین تغلق کے نام سے موسوم ہے۔ اسی علاقہ میں غیاث الدین کا مزار، مقبرہ اور قلعہ بھی ہے۔

ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لاکر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مربی انچارج دہلی مکرم سید کلیم الدین صاحب سے دریافت فرمایا کہ یہ سب احباب دہلی کے ہیں یا باہر سے بھی آئے ہوئے ہیں۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ دہلی کے بھی ہیں اور بعض دوسری جماعتوں سے بھی آئے ہیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے دفتر تشریف لائے جہاں فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج ملاقات کرنے والوں

(باقی صفحہ 16 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

1908ء میں وفات پانے والے چند رفقاء حضرت مسیح موعود

1908ء کا سال جماعت احمدیہ کے لیے اس لحاظ سے حزن کا سال تھا کہ اس سال حضرت اقدس مسیح موعود اپنے مولیٰ حقیقی کے پاس رجوع فرما ہوئے، اس عظیم صدمہ کے علاوہ جماعت احمدیہ کے بعض دیگر بزرگان بھی اپنے رب کے حضور حاضر ہوگئے جن میں سے بعض کا ذکر خیر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

حضرت مولوی غلام حسین صاحب لاہوری

دُبلا پتلا جسم، گورا رنگ، درمیانہ قد، سر پر عمامہ۔ یہ حلیہ تھا لاہور کے ایک مخلص وجود حضرت مولوی غلام حسین صاحب کا جو پہلے گمٹی مسجد کے امام اور متولی تھے، آپ نے 1891ء میں بیعت کی توفیق پائی۔ اسی طرح آپ کو 1891ء کے پہلے تاریخی جلسہ سالانہ میں شامل ہونے کی سعادت حاصل تھی۔ مطالعہ کتب آپ کی ذات کا خاصہ تھا، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی آپ کے متعلق فرماتے ہیں:

’’مولوی صاحب مرحوم ایک بڑے عالم اور نیک انسان تھے، حضرت مسیح موعود کے (رفقاء) میں سے حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور مولوی صاحب گویا کتابوں کے کیڑے تھے۔ حافظہ زبردست تھا، ایک دفعہ حضرت مولانا نورالدین کے سامنے آپ ایک صفحے پر نظر ڈالتے اور اسے اُلٹ دیتے پھر دوسرے پر نظر ڈالتے اور اسے چھوڑ دیتے، حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے انھیں اس حالت میں دیکھ کر کہا کہ مولوی صاحب آپ کتاب پڑھیں تو سہی! وہ کہنے لگے مجھ سے کوئی بات پوچھ لیں! حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے پوچھنے پر آپ نے کتاب کا مضمون بتا دیا۔‘‘

کتابوں کے شوق میں ہی کلکتہ گئے اور وہاں سے بیمار ہوکر واپس تشریف لائے تھے کہ یکم فروری 1908ء کو بعمر تقریباً 66 سال لاہور میں وفات پائی، جنازہ قادیان لایا گیا تو معتمدین نے اعتراض کیا کہ آپ چونکہ موصی نہیں ہیں لہٰذا بہشتی مقبرہ میں تدفین نہیں ہوسکتی! حضرت اقدس مسیح موعود کو جب علم ہوا تو حضور نے فرمایا ان کی وصیت کی کیا ضرورت ہے؟ وہ تو مجسم وصیت ہیں! آپ کا جنازہ حضرت اقدس نے پڑھایا اور ارشاد کے مطابق بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئے۔

(تاریخ احمدیت لاہور از عبدالقادر صاحب صفحہ 85 تا 90)

حضرت حاجی محمد امیر خان صاحب بنوڑی

حضرت محمد امیر خان صاحب ولد چوہر خان صاحب بنوڑ ریاست پٹیالہ کے رہنے والے تھے۔ آپ حضرت صوفی احمد جان صاحب لدھیانوی کے مریدوں میں سے تھے اور حضرت صوفی صاحب سے ایک خاص عقیدت رکھتے تھے۔ حضرت صوفی صاحب 1885ء میں جب حضرت مسیح موعود سے اجازت لے کر حج پر تشریف لے گئے تو حضرت امیر خان صاحب کو بھی ان کے ساتھ جانے کی سعادت حاصل ہوئی، حضرت صوفی صاحب نے میدان عرفات میں حضرت مسیح موعود کا دعائیہ مکتوب بلند آواز سے پڑھا اور اپنے مریدوں سے کہا کہ تم سے آمین کہتے جاؤ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 7 صفحہ 3)

حضرت صوفی صاحب کا مرید ہونے کے علاوہ ان کے بیٹے حضرت پیر منظور محمد صاحب یکے از 313 آپ کے بہنوئی لگتے تھے کیونکہ آپ ان کی بیوی کے رشتہ میں بھائی تھے۔

1892ء میں حضرت اقدس مسیح موعود کپورتھلہ تشریف لے گئے اس موقع پر حضرت امیر خان صاحب نے حاضر ہوکر حضور کی بیعت کی آپ کے ساتھ آپ کے ایک اور دوست حضرت قاضی زین العابدین صاحب سرہندی یکے از 313، جو حضرت صوفی احمد جان صاحب کے سفر حج میں بھی ساتھ تھے، نے بیعت کی۔ رجسٹر بیعت میں آپ کی بیعت کا اندراج موجود ہے:

21 فروری 1892ء محمد امیر خان ولد چوہر خان ساکن بنور ریاست پٹیالہ بمقام کپورتھلہ مقیم سہارنپور

حضرت حاجی محمد امیر خان صاحب ایک نیک سیرت اور دیندار انسان تھے، احمدیت سے پہلے آپ کا حضرت صوفی احمد جان صاحب کے حلقہ ارادتمندوں میں رہنا آپ کی دینی وابستگی کو ظاہر کرتا ہے اور پھر اس اخلاص میں اتنا ترقی کرنا کہ اپنے مرشد کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کرنا غرض یہ کہ آپ تقویٰ اور روحانیت کے ایک عجب رنگ میں رنگین تھے اور دوسروں کے لیے ایک عمدہ نمونہ تھے آپ کی اس تقویٰ پسند زندگی نے علاقے کے لوگوں پر ایک عمدہ اثر چھوڑا تھا پھر حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آنے کے بعد اس روحانی رنگ میں مزید نکھار پیدا ہوا۔ حضرت شیخ عبدالوہاب صاحب (وفات 10 اکتوبر 1954ء مدفون بہشتی مقبرہ ربوہ) جو ہندوؤں سے احمدی ہوئے تھے فرماتے ہیں:۔

حاجی امیر محمد صاحب کا مجھے نیاز حاصل ہوا وہ ایک نیک سیرت بزرگ تھے اور اب بہشتی مقبرہ میں مدفون ہیں، ان کی خدا ترسی اور نیک اخلاق نے میرے دل کو موہ لیا اور ان کے نیک نمونے نے مجھے (دین حق) کی کتابیں پڑھنے کی طرف راغب کیا ان کی وساطت سے غنیۃ الطالبین، فتوح الغیب، اکسیر ہدایت اور احیاء العلوم وغیرہ کتابیں دیکھیں۔ (دین حق) سے محبت تو پہلے سے ہی تھی اب میں علی الاعلان ہندو دھرم چھوڑ کر.....ہوگیا۔

(رفقاء احمد جلد دہم صفحہ 70)

1897ء میں حضور نے اپنی تصنیف لطیف ’’انجام آتھم‘‘ میں اپنے 313 کبار رفقاء کی فہرست شائع فرمائی جس میں آپ کا نام اس طرح درج ہے:

106۔ حاجی محمد امیر خان صاحب سہارنپور

اسی طرح حضور نے ایک اشتہار میں مخالفین کی طرف سے گورنمنٹ کو پہنچائی گئی خلاف واقعہ اطلاعات کی تردید فرماتے ہوئے اپنے خاندان اور سلسلہ کے صحیح حالات بیان فرمائے چنانچہ 24 فروری 1894ء کو دیے گئے اس اشتہار میں بطور نمونہ اپنی جماعت کے 316 احباب کے نام درج فرمائے ہیں جس میں حضرت حاجی محمد امیر خان صاحب کا نام بھی 243 نمبر پر موجود ہے آپ کے نام کے ساتھ مہتمم گاڑی شکرم سہارنپور لکھا ہے۔

(کتاب البریہ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 356)

حضرت حاجی صاحب نے حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ہی 5 جنوری 1908ء کو وفات پائی وفات کے وقت آپ کی عمر 55 سال تھی، آپ کی وفات پر اخبار الحکم میں یہ اعلان شائع ہوا:

منشی محمد امیر خان جوراجپورہ کی ایجنسی میں ملازم تھے اور حضرت کے ایک مخلص خادم تھے، بیمار ہوکر دارالامان میں آگئے تھے 5 جنوری 1908ء کو انتقال کر گئے....مرحوم ایک رشید، کم گو احمدی تھا، الحکم جب سے جاری ہوا ہے اسی دن سے وہ اس کے خریدار تھے۔ مقبرہ بہشتی میں جگہ پائی۔ مرحوم نے ایک لڑکی اور ایک لڑکا اپنی یادگار چھوڑا ہے آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے مدارج کو ترقی دے اور ان کی بیوہ اور بچوں پر اپنا فضل کرے آمین۔

(الحکم 6 جنوری 1908ء صفحہ 10 کالم 2)

جس دن آپ کی وفات ہوئی اس دن حضور نے ایک کشف دیکھا، حضور فرماتے ہیں:۔

5 جنوری 1908ء مرحوم امیر خان کی بیوہ جس دن اس کا خاوند فوت ہوا میں نے دیکھا کہ اس بیوہ کی پیشانی پر 5 یا 6 یا 7 کا عدد لکھا ہوا ہے میں نے وہ مٹا دیا اور اس کی جگہ اس کی پیشانی پر 6 کا عدد لکھ دیا ہے۔

(الحکم 22 جنوری 1908ء صفحہ 10 کالم 3)

آپ کی بیوہ سے مراد حضرت اصغری بیگم صاحبہ بنت حضرت محمد اکبر خان صاحب ساکن سنور ہیں جو بعد میں حضرت راجہ مدد خان صاحب کے عقد میں آئیں۔ خدا کے مامور کا کشف میں آپ کے گھر والوں کو دیکھنا آپ کے لیے ایک سعادت ہے اسی لیے حضور کا یہ ارشاد اخبار میں ’’خدا تعالیٰ کی تازہ وحی‘‘ کے تحت چھپا ہے اور ہمیشہ کے لیے حضرت حاجی میر خان صاحب کا تذکرہ ’’تذکرہ‘‘ میں محفوظ ہوگیا ہے۔

حضرت اصغری بیگم صاحبہ 1890ء میں پیدا ہوئیں بچپن ہی سے حضرت اقدس کے گھر میں پلی بڑھیں، 8 جنوری 1978ء کو بعمر 88 سال وفات پائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن ہوئیں۔

حضرت بابو شاہ دین صاحب سٹیشن ماسٹر

آپ اصل میں ساہووال تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے اور سٹیشن ماسٹر تھے، اس ملازمت کے لیے آپ زیادہ تر ضلع جہلم اور راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں متعین رہے جب مردان میں ریلوے کا آغاز ہوا تو آپ اس کے سب سے پہلے سٹیشن ماسٹر مقرر ہوئے، اس علاقہ میں آپ کے نیک نمونہ اور دعوت الی اللہ کی بدولت متعدد لوگ سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔

(ماہنامہ خالد مارچ 1962ء صفحہ 21۔ رفقاء احمد جلد دہم)

بیعت سے پہلے آپ پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی کے مریدوں میں سے تھے۔ بیعت کے بعد حضور کے جاں نثار رفقاء میں سے ثابت ہوئے، مہینوں رخصت لے کر حضرت اقدس کی خدمت میں قادیان حاضر ہوتے۔ حضور نے اپنی کتاب انجام آتھم میں درج کردہ اپنے تین صد تیرہ رفقاء میں آپ کا نام 208 نمبر پر رقم فرمایا ہے۔

آخری عمر میں آپ بیمار ہوگئے اور قادیان حاضر ہوئے، حضرت اقدس ان دنوں لاہور (اپریل، مئی 1908ء) تشریف لے گئے لیکن آپ کی خبر گیری کا پورا خیال رکھا اور قادیان میں موجود حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب کو آپ کے علاج معالجہ کی تاکید فرمائی، چنانچہ حضور حضرت ڈاکٹر صاحب کے نام ایک مکتوب میں فرماتے ہیں:۔

’’اور میری دلی خواہش ہے کہ آپ تکلیف اٹھا کر ایک دفعہ اخویم بابو شاہ دین صاحب کو دیکھ لیا کریں اور مناسب تجویز کریں۔ میں بھی ان کے لئے پانچ وقت دعا میں مشغول ہوں، وہ بڑے مخلص ہیں ان کی طرف ضرور پوری توجہ کریں۔‘‘

ایک اور مکتوب میں فرماتے ہیں:

’’بابو شاہ دین صاحب کی تعہد اور خبر گیری سے آپ کو بہت ثواب ہوگا۔ میں بہت شرمندہ ہوں کہ ان کے ایسے نازک وقت میں قادیان سے سخت مجبوری کے ساتھ مجھے آنا پڑا اور جس خدمت کا ثواب حاصل کرنے کے لئے میں حریص تھا، وہ آپ کو ملا۔ امید کہ آپ ہر روز خبر لیں گے اور دعا بھی کرتے رہیں گے اور میں بھی دعا کرتا ہوں۔‘‘

(سیرت حضرت مسیح موعود از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب صفحہ 426)

یہی بیماری جان لیوا ثابت ہوئی اور آپ نے حضور کی وفات سے ایک یوم قبل 25 مئی 1908ء کو بعمر تقریباً 38 سال قادیان میں ہی وفات پائی اور بوجہ موصی ہونے کے بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئے۔

حضرت پیر محمد رمضان صاحب آف گولیکی ضلع گجرات

ضلع گجرات کا گاؤں گولیکی رفقاء احمد کے حوالے سے جماعت میں معروف ہے، حضرت پیر محمد رمضان صاحب بھی مخلص بزرگان میں سے تھے۔ حضرت اقدس نے اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں اپنی ایک پیشگوئی ''پچیس دن۔ یا یہ کہ پچیس دن تک'' کے شہاب ثاقب کے گرنے کی شکل میں پورا ہونے کا ذکر کیا ہے اور ساتھ ہی پچاس سے زائد افراد کی گواہیاں بھی درج فرمائی ہیں جہاں دسویں نمبر پر آپ کی گواہی ''آتشی انگار سے 31 مارچ والی پیشگوئی پوری ہوئی۔'' بھی درج ہے۔ (روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 528)

سلسلہ احمدیہ کی مشہور و معروف بزرگ خاتون حضرت استانی سکینۃ النساء بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت قاضی ظہور الدین اکمل صاحب آپ ہی کی بیٹی تھیں۔ پیر صاحب نے 22 اپریل 1908ء کو وفات پائی۔ آپ کے ایک بیٹے حضرت قاضی رشید احمد ارشد صاحب گولیکی کی روایات رجسٹر روایات رفقاء نمبر 7 میں درج ہیں۔

حضرت حاجی فضل حسین صاحب شاہجہانپوری

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے آپ اصل میں شاہجہانپور کے رہنے والے تھے بیعت کے بعد قادیان میں آگئے۔ حضور نے اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں اپنی ایک پیشگوئی ''سخت زلزلہ آیا۔ اور آج بارش بھی ہوگی۔ خوش آمدی نیک آمدی۔'' کے قبل از وقت سننے کے گواہان میں آپ کا نام بھی درج فرمایا ہے۔ (روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 491)

آپ نے 29 فروری 1908ء کو بعمر تقریباً 78 سال قادیان میں وفات پائی، اخبار بدر نے خبر وفات دیتے ہوئے لکھا:۔

اس ہفتہ حاجی فضل حسین صاحب شاہجہانپوری جو یہاں قریباً دس سال سے مقیم تھے، وفات پاگئے، اچھے صالح بزرگ تھے مقبرہ بہشتی میں جگہ پائی۔ (اخبار بدر 5 مارچ 1908ء صفحہ 2 کالم 3)

حضرت میاں احمد جی صاحب ضلع ہزارہ

حضرت میاں احمد جی صاحب ضلع ہزارہ کے رہنے والے تھے، حضرت اقدس مسیح موعود کی بیعت کے لیے قادیان حاضر ہوئے، بیعت کے بعد آپ ابھی قادیان میں ہی قیام پذیر تھے کہ موت کا بلاوا آ گیا اور آپ نے 12 جنوری 1908ء کو بعمر تقریباً 60 سال وفات پائی، موصی نہ تھے لیکن حضرت اقدس نے ازراہ شفقت بہشتی مقبرہ میں دفن کرنے کا ارشاد فرمایا۔

حضرت میاں صلاح محمد صاحب

آپ دراصل ریاست جموں کے رہنے والے تھے، بیعت کے بعد ہجرت کر کے قادیان آگئے اور بیت مبارک میں بطور خادم بیت خدمت سرانجام دی تا آنکہ 16 اکتوبر 1908ء کو وفات پائی اور بہشتی مقبرہ قطعہ نمبر 1 میں دفن ہوئے۔

حضرت شیخ علی محمد صاحب آف دھرم کوٹ رندھاوا

آپ ککے زئی قوم سے تعلق رکھتے تھے اور دھرم کوٹ رندھاوا ضلع گورداسپور کے رہنے والے تھے اور بدوملہی میں پٹواری تھے، آپ نے پہلے تحریری بیعت کی پھر 1906ء میں دستی بیعت کا شرف پایا۔ آپ نے 4 جنوری 1908ء کو مختصر علالت کے بعد تقریباً 42 سال کی عمر میں وفات پائی اور بدوملہی میں ہی دفن ہوئے۔ (تاریخ احمدیت لاہور از عبدالقادر سوداگرمل صاحب صفحہ 322)

حضرت محمدی بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت پیر منظور محمد صاحب لدھیانوی

مؤلف قاعدہ یسرنا القرآن حضرت پیر منظور محمد صاحب کی اہلیہ اپنے خاوند کی طرح نیک سیرت اور پارسا وجود تھیں اور ان کے ساتھ ہی ہجرت کر کے قادیان آگئی تھیں۔ آخری عمر میں آپ مرض سل سے بیمار ہوگئیں، آپ کی بیماری کے متعلق حضرت مسیح موعود کو بعض الہام بھی ہوئے جس کا ذکر ''تذکرہ'' میں محفوظ ہے، بعض الہامات درج ذیل ہیں:

1۔ بیمار بہت ہی چیخیں مارتا ہے۔
2۔ ماتم کدہ
3۔ اُمید سے بڑھ کر فائدہ ہوا۔
4۔ دوبارہ زندگی
5۔ منسوخ شدہ زندگی

ان کے علاوہ بعض عربی الہامات بھی ہوئے، اپریل 1908ء میں یہ الہامات ہوئے اس دوران آپ کی طبیعت کچھ سنبھلی لیکن اللہ تعالیٰ کی قدرت کہ مورخہ 9/ اکتوبر 1908ء کو آپ وفات پاگئیں اور بوجہ موصیہ ہونے کے بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں، ایڈیٹر صاحب اخبار بدر نے خبر وفات دیتے ہوئے لکھا:

''....یہ بھی ہم نے سنا کہ بعینہ یہی حالت تھی، آخر وہی ہوا جو.... مولیٰ فرما چکا ہے، وہ یہ کہ ماتم کدہ یعنی یہ بیمار فوت ہوجائے گا پھر چونکہ سل کا مرض ایک متعدی مرض ہے اس لئے بشارت کے لئے فرمایا کہ اِنّی اُحَافِظُ کُلَّ مَنْ فِی الدَّار پھر کچھ دوائیں بتائی گئیں تا کہ زندگی کے باقی ماندہ دن زیادہ تکلیف سے نہ گذریں اور حسب الہام اُمید سے بڑھ کر فائدہ ہوا بلکہ 'دوبارہ زندگی' عطا ہوئی گو زندگی منسوخ شدہ تھی۔ (بدر 15 اکتوبر 1908ء صفحہ 1، 2)

آپ کی اولاد میں دو بیٹیاں تھیں:۔

1۔ اُمّ داؤد حضرت صالحہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت میر محمد اسحاق صاحب
2۔ حضرت حامدہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت سردار کرم داد خان صاحب

حضرت امۃ الرحیم صاحبہ زوجہ حضرت میر مہدی حسین صاحب

حضرت امۃ الرحیم صاحبہ بھی سلسلہ احمدیہ کے ایک عظیم گوہر اور خادم مسیح موعود حضرت میر مہدی حسین صاحب کی اہلیہ تھیں آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کی قبولیت دعا کا نشان اور باتوں کے علاوہ اپنی ذات میں بھی دیکھا تھا جس کا ذکر خود حضور نے اپنے قلم مبارک سے اپنی کتاب ''حقیقۃ الوحی'' میں اپنے نشاناتِ صداقت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:

''169۔ نشان۔ جب ہم بہار کی موسم میں 1905ء میں باغ میں تھے تو مجھے اپنی جماعت کے لوگوں میں سے جو باغ میں تھے کسی ایک کی نسبت یہ الہام ہوا تھا کہ خدا کا ارادہ ہی نہ تھا کہ اس کو اچھا کرے مگر فضل سے اپنے ارادہ کو بدل دیا۔ اس الہام کے بعد ایسا اتفاق ہوا کہ سید مہدی حسین صاحب جو ہمارے باغ میں تھے اور ہماری جماعت میں داخل ہیں اُن کی بیوی سخت بیمار ہوگئی وہ پہلے بھی تپ اور ورم سے جو منہ اور دونوں پیروں اور تمام بدن پر تھی اور بہت کمزور تھی اور حاملہ تھی پھر بعد وضع حمل جو باغ میں ہوا اس کی حالت بہت نازک ہوگئی اور آثار نومیدی ظاہر ہوگئے اور میں اس کے لیے دعا کرتا رہا آخر خدا تعالیٰ کے فضل سے اُس کو دوبارہ زندگی حاصل ہوئی اس امر کے گواہ اخویم حکیم مولوی نور دین صاحب، مولوی محمد علی صاحب ایم اے، مفتی محمد صادق صاحب اور خود مہدی حسین صاحب اور تمام وہ دوست ہیں جو میرے ساتھ باغ میں تھے دعا کے بعد دوسرے روز سید مہدی حسین کی اہلیہ کی زبان پر یہ الہام منجانب اللہ جاری ہوا تو اچھی تو نہ ہوتی مگر حضرت صاحب کی دعا کا سبب ہے کہ اب تو اچھی ہوجائے گی۔''

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 378، 379)

حضرت میر مہدی حسین صاحب خود حضرت اقدس کی دعاؤں کے طفیل اپنی بیوی کی معجزانہ شفایابی کے متعلق فرماتے ہیں:۔

''میری بیوی ایک دفعہ بیمار ہوگئی میں نے حضور سے ذکر کیا تو حضور نے فرمایا کہ شربت بزوری بنالو میں بوجہ غربت نہ بنا سکا، اگلے روز میں نے پھر رقعہ لکھا تو حضور باہر تشریف لائے فرمایا شربت بنالیا ہے؟ میں نے عرض کی کہ حضور دعا فرمائیں آپ نے فرمایا کہ نسخہ کو چھوڑ دو میں دعا کروں گا، آپ نے دعا فرمائی میری بیوی اچھی ہوگئی۔''

(الحکم 14 جون 1935ء صفحہ 5 کالم 2)

حضرت امۃ الرحیم صاحبہ نے 12 نومبر 1908ء کو 42 سال کی عمر میں وفات پائی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں۔

حضرت امتیاز النساء بیگم صاحبہ والدہ حضرت حافظ سید تصور حسین صاحب آف بریلی

بھارت کے مشہور شہر بریلی میں جن خوش قسمت احباب کو قبول احمدیت کی توفیق ملی ان میں ایک نام حضرت حافظ سید تصور حسین صاحب (وفات 12 اپریل 1927ء) کا بھی ہے اس سعادت میں آپ کی والدہ حضرت امتیاز النساء بیگم صاحبہ زوجہ علی حسین صاحب بھی شامل تھیں۔ بریلی میں جماعت کی شدید مخالفت کی وجہ سے یہ سارا خاندان ہجرت کر کے قادیان آگیا اور خدمتِ حضرت اقدس میں رہنے کی توفیق پائی۔ حضرت امتیاز النساء صاحبہ ابتدائی موصیان میں سے تھیں، آپ نے 12 اکتوبر 1908ء کو بعمر 62 سال وفات پائی اور بہشتی مقبرہ میں جگہ پائی۔

حضرت فاطمہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم مولوی محمد علی صاحب ایم اے

حضرت فاطمہ بیگم صاحبہ گورداسپور کی رہنے والی تھیں۔ آپ کی شادی مکرم مولوی محمد علی صاحب ایم اے لاہور کے ساتھ ہوئی، یہ رشتہ حضرت مسیح موعود نے کروایا تھا۔ آپ بفضل اللہ تعالیٰ ابتدائی موصیان میں سے تھیں، آپ کا وصیت نمبر 70 ہے۔ آپ نے 20 نومبر 1908 کو وفات پائی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں۔ خبر وفات دیتے ہوئے اخبار بدر نے لکھا:

محترمہ غلام فاطمہ 20 نومبر 1908ء بروز جمعہ کی شب کے آخری حصہ میں اس دارفانی کو چھوڑ گئیں۔ مرحومہ کی عمر وقتِ وفات قریب 24 سال ہوگی۔ اور شادی ہوئے قریب 8 سال گذرے تھے۔ اس عرصہ میں جس ہمدردی اور غمگساری اور محبت کے ساتھ وہ اپنے خاوند کے رنج و راحت میں شریک حال رہی ...... مرحومہ کو مساکین اور غرباء کی امداد کا خاص جوش تھا اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ اس کے بطن سے ایک چھوٹی لڑکی رقیہ نام عمر دو سال ان کی یادگار باقی ہے......

(بدر 3 دسمبر 1908ء صفحہ 2 کالم 2،3)

اللہ تعالیٰ ان سب کے درجات بلند فرمائے اور اپنے قرب میں جگہ دے۔ آمین

وقف جدید دعوت الی اللہ اور تعلیم و تربیت کا عظیم الشان ذریعہ

مکرم لقمان احمد شاد صاحب

بعثت مسیح موعود کے لئے برصغیر کی سرزمین کا انتخاب اور دین حق کی اشاعت و تعلیم و تربیت کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے تحریک وقف جدید کا قیام ایک خاص تعلق رکھتا ہے۔ جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے خطبہ جمعہ فرمودہ 25 دسمبر 1987ء میں فرمایا کہ:

''وقف جدید کی تحریک کو آپ بالکل معمولی اور عام تحریک نہ سمجھیں اس کا ہندوستان کے روحانی مستقبل کے ساتھ ایک گہرا واسطہ ہے۔''

(خطبات وقف جدید صفحہ 333)

اس لحاظ سے ہندوستان میں دعوت الی اللہ اور احباب جماعت کی تعلیم و تربیت خاص اہمیت کی حامل ہے۔ اسی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود اشتہار 26 مئی 1892ء میں فرماتے ہیں:۔

''اس عاجز کا ارادہ ہے کہ اشاعت دین (حق) کے لیے ایسا احسن انتظام کیا جائے کہ ممالک ہند میں ہر جگہ ہماری طرف سے واعظ و مناظر مقرر ہوں اور بندگان خدا کو دعوت حق کریں۔ تا حجت (دین حق) روئے زمین پر پوری ہو۔ لیکن اس ضعف اور قلت جماعت کی حالت میں ابھی یہ ارادہ کامل طور پر انجام پذیر نہیں ہوسکتا۔''

(نشان آسمانی روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 410)

آئندہ آنے والی اس بنیادی ضرورت کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود نے 1915ء میں فرمایا:۔

''وہ وقت آتا ہے کہ ایسے لوگ اس سلسلہ میں شامل ہوں گے جنہوں نے حضرت مسیح موعود کی صحبت نہ پائی ہوگی۔ اور اس کثرت سے ہوں گے کہ ان کو ایک آدمی تقریر نہیں سنا سکے گا اس لئے اس وقت بہت سے مدرسوں کی ضرورت ہوگی۔ اور پھر اس بات کی بھی ضرورت ہوگی کہ ایک شخص لاہور میں ایک امرتسر میں بیٹھا سنائے اور لوگوں کو دین سے واقف کرے۔ اور احکام شرع پر چلائے تا کہ تمام جماعت صحیح عقائد پر قائم رہے اور تفرقہ سے بچے۔''

(انوار خلافت۔ انوار العلوم جلد 3 صفحہ 168,167)

چنانچہ جب یہ ضرورت شدت اختیار کر گئی اور رشد و اصلاح کے اس عظیم مشن نے حضرت مسیح موعود کی خواہش کی تکمیل کا تقاضا کیا تو حضرت مصلح موعود نے القائے الٰہی کے ماتحت 1957ء میں وقف جدید کی عظیم الشان تحریک جاری فرمائی۔

تحریک وقف جدید کی بنیادی اغراض

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جو اس تحریک کے آغاز سے ہی وقف جدید سے وابستہ ہوگئے اس تحریک کے مقاصد عالیہ بیان کرتے ہوئے خطبہ جمعہ 27 دسمبر 1985ء میں فرماتے ہیں:۔

''یہ تحریک بنیادی طور پر دو اغراض سے جاری کی گئی تھی۔ پہلی غرض کا تعلق دیہاتی جماعتوں کی تعلیم و تربیت سے تھا۔ پہلی بات یہ تھی کہ پاکستان کے دیہاتی علاقوں میں چونکہ یہ ممکن نہیں تھا ہر جگہ ایک مربی کو تعینات کیا جائے اس لئے وہاں خصوصاً نئی نسلوں میں تربیت کی کمزوری کے آثار ظاہر ہونے شروع ہوئے نہ صرف نئی نسلوں میں بلکہ تقسیم ہند کے بعد جو لوگ جوان تھے وہ بھی کئی قسم کی معاشرتی خرابیوں کا شکار ہوئے اور بنیادی طور پر دین کے مبادیات سے بھی بعض صورتوں میں وہ غافل ہوگئے۔ چنانچہ حضرت مصلح موعود نے بشدت یہ محسوس کیا کہ جب تک ایسی کوئی تحریک نہ جاری کی جائے جس کا تعلق خالصتاً دیہاتی تربیت سے ہو اس وقت تک ہم دیہاتی علاقوں میں احمدیت کے مستقبل کے متعلق بے فکر نہیں ہوسکتے۔ چنانچہ حضور نے اس تحریک یعنی تحریک وقف جدید کا آغاز فرمایا۔ حضور نے اولین ممبران وقف جدید میں خاکسار کو بھی مقرر فرمایا حضور ان دنوں بیمار تھے لیکن بیماری کے باوجود ذہن ہر وقت (دین حق) کی ترقیات کے متعلق سوچتا رہتا تھا۔ ابتدائی نصیحتیں جو مجھے کیں ان میں ایک تو یہی دیہاتی تربیت کی طرف توجہ دینے کے متعلق ہدایت تھی اور دوسرے ہندوؤں میں خاص طور پر (دعوت الی اللہ) کرنے کی تاکید کی گئی تھی۔ تو بہرحال پہلا مقصد دیہاتی تربیت کا تھا اور دوسرا مقصد پاکستان میں بسنے والے ہندوؤں کو...... بنانا تھا''۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 287)

وقف کرنے والے نوجوانوں کا معیار

اس تحریک کے اجراء سے حضرت مصلح موعود نے احباب جماعت کو اپنی زندگیاں وقف جدید کے ذریعے وقف کرنے کی تحریک فرمائی اور وقف کرنے والے احمدی نوجوانوں کے معیار کا ذکر کرتے ہوئے خطبہ عیدالاضحیہ فرمودہ 9 جولائی 1957ء میں فرمایا۔

''چنانچہ مَیں چاہتا ہوں کہ اگر کچھ نوجوان ایسے ہوں جن کے دلوں میں یہ خواہش پائی جاتی ہو کہ وہ حضرت خواجہ معین الدین صاحب چشتیؒ اور حضرت شہاب الدین صاحب سہروردیؒ کے نقشِ قدم پر چلیں تو جس طرح جماعت کے نوجوان اپنی زندگیاں تحریکِ جدید کے ماتحت وقف کرتے ہیں۔ وہ اپنی زندگیاں براہِ راست میرے سامنے وقف کریں تا کہ میں ان سے ایسے طریق پر کام لوں کہ وہ...... کو تعلیم دینے کا کام کرسکیں۔ وہ مجھ سے ہدایتیں لیتے جائیں اور اس ملک میں کام کرتے جائیں۔ ہمارا ملک آبادی کے لحاظ سے ویران نہیں لیکن روحانیت کے لحاظ سے بہت ویران ہو چکا ہے، اور آج بھی اس میں چشتیوں کی ضرورت ہے، سہروردیوں کی ضرورت ہے اور نقشبندیوں کی ضرورت ہے۔ اگر یہ لوگ آگے نہ آئے اور حضرت معین الدین صاحب چشتیؒ، حضرت شہاب الدین صاحب سہروردیؒ اور حضرت فریدالدین صاحب شکر گنجؒ جیسے لوگ پیدا نہ ہوئے تو یہ ملک روحانیت کے لحاظ سے اور بھی ویران ہو جائے گا۔ (خطبات وقف جدید صفحہ 3)

رشد و اصلاح کے لئے ایک مہا جال پھیلانے کی ضرورت

حضرت مصلح موعود اس وقف کی تفصیلات اور طریقۂ کار کی وضاحت کرتے ہوئے خطبہ جمعہ 3 جنوری 1958ء میں فرماتے ہیں:۔

''میں جماعت کے دوستوں کو ایک بار پھر اس وقف کی طرف توجہ دلاتا ہوں۔ ہماری جماعت کو یاد رکھنا چاہئے کہ اگر وہ ترقی کرنا چاہتی ہے تو اس کو اس قسم کے وقف جاری کرنے پڑیں گے اور چاروں طرف رشد و اصلاح کا جال پھیلانا پڑے گا یہاں تک کہ پنجاب کا کوئی گوشہ اور کوئی مقام ایسا نہ رہے جہاں رشد و اصلاح کی کوئی شاخ نہ ہو۔ اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ ایک مربی ایک ضلع میں مقرر ہو گیا اور وہ دورہ کرتا ہوا ہر ایک جگہ گھنٹہ گھنٹہ دو دو گھنٹہ ٹھہرتا ہوا سارے ضلع میں پھر گیا اب ایسا زمانہ آگیا ہے کہ ہمارے مربی کو ہر گھر اور ہر جھونپڑی تک پہنچنا پڑے گا اور یہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب میری اس نئی سکیم پر عمل کیا جائے اور تمام پنجاب میں بلکہ کراچی سے لے کر پشاور تک ہر جگہ ایسے آدمی مقرر کر دیئے جائیں جو اس علاقہ کے لوگوں کے اندر رہیں اور ایسے مفید کام کریں کہ لوگ ان سے متاثر ہوں وہ انھیں پڑھائیں بھی اور رشد و اصلاح کا کام بھی کریں اور یہ جال اتنا وسیع طور پر پھیلایا جائے کہ کوئی مچھلی باہر نہ رہے کنڈی ڈالنے سے صرف ایک ہی مچھلی آتی ہے لیکن اگر مہا جال ڈالا جائے تو دریا کی ساری مچھلیاں اس میں آجاتی ہیں ہم ابھی تک کنڈیاں ڈالتے رہے ہیں ان کی وجہ سے ایک مچھلی ہی ہمارے ہاتھ میں آتی رہی ہے لیکن اب مہا جال ڈالنے کی ضرورت ہے اور اس کے ذریعہ گاؤں گاؤں اور قریہ قریہ کے لوگوں تک ہماری آواز پہنچ جائے۔...... پس جب تک ہم اس مہا جال کو نہ پھیلائیں گے اس وقت تک ہم کامیاب نہیں ہوسکتے''۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 12-11)

سیدنا حضرت مصلح موعود کا پیغام

حضرت مصلح موعود اس تحریک کی اہمیت و ضرورت بیان کرتے فرماتے ہیں

''یہ کام خدا تعالےٰ کا ہے اور ضرور پورا ہو کر رہے گا۔ میرے دل میں چونکہ خدا تعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہے اس لئے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں کپڑے بیچنے پڑیں مَیں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا۔ اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے تو خدا تعالیٰ ان لوگوں کو الگ کردے گا جو میرا ساتھ نہیں دے رہے اور میری مدد کے لئے فرشتے آسمان سے اتارے گا''۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 21)

خدا تعالیٰ کی رحمت کا ایک دروازہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث خطبہ جمعہ 30 دسمبر 1966ء میں فرماتے ہیں:۔

''خدا تعالیٰ کی رحمت کے بہت سے دروازوں میں سے رحمت کا ایک دروازہ جو ہم پر کھولا گیا ہے وہ وقف جدید کا دروازہ ہے اس نظام کے ذریعہ حضرت مصلح موعود نے ہمارے لئے نیکیاں کرنے اور رحمتیں کمانے کا سامان پیدا کردیا ہے۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 139)

ایک معلم کے اوصاف

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث خطبہ جمعہ 3 نومبر 1967ء میں فرماتے ہیں:۔

''میں نے پہلے بھی متعدد بار تحریک کی ہے اور اب بھی تحریک کرتا ہوں کہ وقفِ جدید کو معلم بھی دیں ایسے معلم جو واقعہ میں اپنی زندگی خدا کی راہ میں وقف کرنا چاہیں ایسے معلم نہیں جو یہ سمجھیں کہ دنیا میں کسی اور جگہ ان کا ٹھکانا نہیں، چلو وقفِ جدید میں جا کے معلم بن جائیں۔ سمجھدار، دعا کرنے والے، خدا اور اس کے رسول سے محبت کرنے والے، حضرت مسیحِ موعود نے جو تفسیر قرآن بیان کی ہے اس سے دلی لگاؤ رکھنے والے، اسے پڑھنے والے، یاد رکھنے والے اور خدمت کا بے انتہا جذبہ رکھنے والے۔ جس کے دل میں خدمت خلق کا جذبہ نہیں وہ معلم نہیں بن سکتا کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ دنیوی لحاظ سے یا دینی لحاظ سے ہم اپنے بھائی کو جو کچھ بھی دیتے ہیں وہ خدمت کے جذبہ کے نتیجہ میں دیتے ہیں اس کے بغیر ہم دے ہی نہیں سکتے۔ اپنا وقت اس کو دیں، اپنا مال اس کو دیں، اپنی زندگی اس کو دیں دنیا کی کسی بہبود کے لئے یا آخرت کی کسی بہبود کے لئے۔ جب ہم قرآنِ کریم اس کو سکھا

رہے ہوتے ہیں، جب ہم نبی کریم ﷺ کے ارشاد اس کے سامنے رکھ رہے ہوتے ہیں یا ہم اس کی خاطر اس کا کوئی دنیوی کام کرانے کے لئے اس کے ساتھ باہر نکلتے ہیں ہر دو صورتیں جو ہیں وہ اس لئے پیدا ہوتی ہیں کہ ہمارے دل میں خدمت خلق کا جذبہ ہے۔ اگر خدمت خلق کا جذبہ نہ ہو نہ دینی لحاظ سے نہ دنیوی لحاظ سے تو ہم اس کی خدمت کے لئے باہر نہیں نکل سکتے۔ پس ہمیں ایسے بے نفس خدمت گزار معلم چاہئیں'۔

(خطبات ناصر جلد 1 صفحہ 958ء)

خلافت رابعہ کے دور میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس تحریک کے فیضان کو پھیلانے کے لئے اس کو عالمگیر کرنے کا اعلان فرمایا۔ آپ خطبہ جمعہ فرمودہ 27 دسمبر 1985ء میں فرماتے ہیں:۔

''میں اس سال وقف جدید کی مالی تحریک کو پاکستان اور ہندوستان میں محدود رکھنے کی بجائے ساری دنیا پر وسیع کرنے کا اعلان کرتا ہوں۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 297)

پھر ایسا وقت آئے گا کہ یورپ میں بھی وقف جدید کے نظام کے تحت ہمیں معلمین مقرر کرنے پڑیں گے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع خطبہ جمعہ 6 جنوری 1995ء میں فرماتے ہیں:۔

''وقف جدید کی جو تحریک ہے یہ وقف جدید بیرون جب سے شروع ہوئی ہے اگرچہ اس آمد میں سے بہت حد تک انہی علاقوں میں خرچ ہوا ہے جن علاقوں کی خاطر یہ تحریک قائم کی گئی تھی یعنی پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش لیکن حضرت مصلح موعود کی ایک رؤیا نظر سے گزری ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ خدا کا منشاء یہ ہے کہ بالآخر اس تحریک کا فیض یعنی جن کاموں پر خرچ کرنا ہے اس اعتبار سے بیرونی دنیا پر بھی پھیلانا ہوگا اور باقی ملکوں میں صرف پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش پر ہی اس کا خرچ نہیں ہوگا بلکہ اور جگہ بھی اسی قسم کا نظام جاری ہو یعنی وقف جدید کے مقاصد کے حصول میں ان کو بھی شامل کرنا پڑے گا صرف چندے کی قربانی میں نہیں۔ پس اس لحاظ سے اس سال مَیں نے مال کو ہدایت کر دی ہے کہ آغاز ہم افریقہ سے کرتے ہیں افریقہ میں ضرورتیں بڑھ رہی ہیں اور بعض ملکوں میں اقتصادی بد حالی کی وجہ سے چندوں میں کمزوری آرہی ہے تو وقف جدید کا ایک حصہ ہم انشاء اللہ اس سال افریقہ کی طرف منتقل کریں گے اور پھر ایسا وقت آئے گا کہ یورپ میں بھی وقف جدید کے نظام کے تحت ہمیں معلمین مقرر کرنے پڑیں گے اور اس قسم کے کام جاری کرنے ہوں گے جو (دین حق) کے آخری غلبے کے لئے ضروری ہیں''۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 458)

تقویٰ پر قائم آدمیوں کی ضرورت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 6 جنوری 2006ء میں فرماتے ہیں:۔

''اب زمانہ ہے کہ ہر گاؤں میں، ہر قصبہ میں اور ہر شہر میں اور وہاں کی ہر (بیت) میں ہمارا مربی اور معلم ہونا چاہئے۔ اب اس کے لئے بہرحال جماعت کو مالی قربانیاں کرنی پڑیں گی۔ تبھی ہم مہیا کر سکتے ہیں۔ پھر جماعت کے افراد کو اپنی قربانیاں کرنی پڑیں گی۔ اپنے بچوں کی قربانیاں کرنی پڑیں گی کہ ان کو اس کام کے لئے پیش کریں، وقف کریں اور یہ سب ایسے ہونے چاہئیں کہ وہ تقویٰ کے اعلیٰ معیار پر بھی قائم ہوں۔ ہم نے صرف آدمی نہیں بٹھانے بلکہ تقویٰ پر قائم آدمیوں کی ضرورت ہے۔ آئندہ سالوں میں انشاء اللہ واقفین نو بھی میدان عمل میں آجائیں گے لیکن جوان کی تعداد ہے وہ بھی یہ ضرورت پوری نہیں کر سکتے۔ یہ کام وسیع طور پر ہمیں کرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آدمیوں کی ضرورت بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ تقویٰ پر چلنے والے مربیان اور معلمین ہمیں مہیا فرماتا رہے''۔

(خطبات وقف جدید صفحہ 605)

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

محترم مولانا بشیر احمد صاحب قمر مرحوم

ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی

مکرم و محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب 9؍اکتوبر 2008ء کو داغ مفارقت دے گئے مرحوم کا ذکر خیر خود امام وقت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ 10؍اکتوبر 2008ء میں بڑے پیارے الفاظ میں فرمایا ہے۔ جب ان کی بیت مبارک ربوہ میں محترم ناظر صاحب اعلیٰ و امیر مقامی مرزا خورشید احمد صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی تو اتنا ہجوم تھا کہ بیت باہر صحن تک بھر گئی تھی انہوں نے جس رنگ میں اللہ کے دین کی بھرپور خدمت کی اور نہایت سادگی اور قناعت اور صبر اور ایثار سے زندگی گزاری وہ یقیناً بہت مبارک زندگی ہے۔

محترم مولانا صاحب سے اس عاجز کا بھی ایک گوناں تعلق تھا کئی بار راز داری میں انہیں بعض مسائل کے لئے دعا کی درخواست کی اور انہوں نے پورے خلوص کے ساتھ دعاؤں سے مدد کی۔ اللہ انہیں اس کا اجر عظیم بخشے۔

مولانا کئی امتیازی خوبیوں کے مالک تھے کبھی اپنے مقام کے لحاظ سے اس امر کا انتظار نہیں کیا کہ یہ عاجز خود جا کر ان کو سلام کرے گا بلکہ خود بڑھ کر عموماً پہل کرتے۔ چھوٹا ہو یا بڑا۔ بڑی محبت سے علیک سلیک کرتے اور حال احوال پوچھتے۔

میرے والد صاحب کو جانتے تھے اور جب میرے والد صاحب کی 10 جنوری 1993ء کو وفات ہوئی تو فجی میں الفضل میں پڑھ کر نہایت ہمدردانہ اور محبت بھرا خط لکھا جو کہ عاجز نے اب تک سنبھال کر رکھا ہوا ہے۔ فرمایا 1974ء میں خاکسار سرگودھا کا مربی تھا۔ اس دوران مشکل وقت میں کئی دفعہ بھیرہ جانے کا اتفاق ہوا اور ان کے گھر جانے اور مل بیٹھنے کا اتفاق ہوتا رہا۔ مربیان کی بہت عزت کرتے تھے۔

خاکسار نے اپنے والد مرحوم کا منظوم کلام (جتنا مل سکا) خلافت رابعہ کے آخری دنوں میں شائع کروایا اور اس کا نام ''جذبات دل'' رکھا اور ایک کاپی مولانا کو بھی بھجوائی جواباً ان کا جو خط آیا وہ یہ ہے۔

''حضرت ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب (بسمل) کا کلام مل گیا ہے۔ 71ء سے 75ء تک خاکسار ضلع سرگودھا کا مربی تھا۔ 74ء میں بھیرہ والوں کے لئے بڑے کٹھن دن تھے لیکن سب نے ہی ان بزرگوں کی دعاؤں اور راہنمائی اور نیک نمونہ سے استقامت دکھائی۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور ان کی اولاد سے ہر ایک ان کے لئے صدقہ جاریہ کا باعث ہو''۔

